# تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : حدیث کی اہمیت وضرورت

مصنف : خلیل الرحمٰن چشتی

ضخامت : 248 صفحات ـ قیمت: 100 روپے

ملنے کا پتہ: ☆الفوز اکیڈمی' E-11/4 اسلام آباد

☆ادارہ منشورات اسلامی' بالمقابل منصورہ' ملتان روڈ لاہور

محترم خلیل الرحمٰن چشتی بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ وہ خلوص اور اخلاص کی دولت سے مالا مال ہیں۔ اُن کی فکر و نظر کسی خاص مسلک تک محدود نہیں۔ وہ دین اسلام کی وہ صورت پیش کرتے ہیں جو قرآن وسنت سے ماخوذ ہے۔ ان کی بڑی خواہش ہے کہ ہر مسلمان عربی زبان سیکھے' تاکہ وہ براہِ راست قرآن وحدیث کے مطالعہ سے صحیح اسلامی تعلیمات سے واقف ہو سکے۔ اس سلسلہ میں اُن کی کتاب ''قواعد زبان قرآن'' حصہ اول و دوم انتہائی مفید ہے جس سے شائقین بھرپور فائدہ اٹھارہے ہیں۔ خلیل الرحمٰن چشتی الفوز اکیڈمی اسلام آباد کے روحِ رواں ہیں جہاں عام لوگوں کے لیے دین فہمی کے شارٹ کورسز کا اہتمام کیا جاتا ہے اور نہایت مؤثر انداز میں قرآن وحدیث پر مبنی اسلامی تعلیمات کی تفہیم و تبلیغ کا فریضہ انجام دیا جارہا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب ''حدیث کی اہمیت وضرورت'' بڑی وقیع اور مفید کتاب ہے۔ علم الحدیث کے بارے میں ابتدائی معلومات نہایت دلنشین انداز میں پیش کی گئی ہیں۔ کتاب پندرہ ابواب پر مشتمل ہے اور ہر باب عنوان کی تشریح میں جامعیت کا حامل ہے۔ یہ کتاب وقت کی اہم ضرورت ہے' کیونکہ اکثر لوگوں کو صحیح اور غیر صحیح میں امتیاز نہیں اور جن الفاظ کو قولِ رسولؐ کہہ کر پیش کیا جاتا ہے وہ نادانی سے اسے قول رسولؐ ہی سمجھ لیتے ہیں۔ یہ نادانی چاہے خلوص پر مبنی ہو لیکن کسی طرح بھی قابلِ قبول نہیں ہوسکتی' کیونکہ جھوٹی حدیث بیان کرنا ایسا جرم ہے جس کی سزا جہنم ہے۔

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c